تمام تعریف ثابت ہے اوس خدا کیلئے جسنے ہمپر برکت اور ایمان سے احسان کیا۔ اور ایمان کی راہ دکھا کر ہمپر احسان کیا۔ حمد کرتے ہیں ہم اوسکی اوسکی کامل نعمتوں پر ہر آن میں۔ اور شکر کرتے ہیں ہم اوسکا اوسکی اون نعمتوں پر جو ہر انسان اور جن کو شامل ہیں۔ اور گواہی دیتے ہیں ہم کہ تحقیق اوسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اوسکا کوئی شریک نہیں اور احسان اور نعمتوں والا ہے اور گواہی دیتے ہیں ہم کہ تحقیق محمد سردار ہمارے بندے اور اوسکے رسول ہیں۔ تمام نبیوں میں زمانہ کے اعتبار سے آخر اور شان کے اعتبار سے اول ہیں۔ بعد حمد و نعت کے اے لوگو ڈرو تم خدا سے پوری طرح سے اور خوف کرو اوس سے پورا خوف اور نہ مرو تم مگر اس حال میں کہ تم ایمان والوں میں سے ہو۔ اور طلب کرو تم خدا کی رضامندی ہر قول اور ہر فعل میں اور ڈرو تم اوسکے غضب سے ہر زمانہ میں۔ اسلئے کہ ہر آئینہ اوسکی گرفت سخت ہے تحقیق وہی شروع کرتا ہے اور وہی لوٹاتا ہے اور وہ گناہ والوں کو بخشنے والا ہے۔ اور کوشش کرو تم

وَحَرِّكُوا نُوقَ الشَّوْقِ بِشِدَّةِ الذَّوْقِ إِلَى زِيَارَةِ
سَيِّدِ بَنِي عَدْنَانَ ۞ فَوَاللهِ لَوْلَا حُرْمَتُهُ وَظِلُّهُ
عَلَيْنَا لَغَضِبَ عَلَيْنَا الرَّحْمٰنُ ۞ وَخَسَفَ بِنَا الْمَكَانُ
كَيْفَ لَا وَقَدْ كَثُرَتْ فِينَا الْكَبَائِرُ وَفَشَتِ الصَّغَائِرُ
وَصُنُوفُ الْعِصْيَانِ ۞ تَحَاسَدْنَا وَتَدَابَرْنَا وَتَجَادَلْنَا
وَتَنَاقَشْنَا وَغُصْنَا فِي بِحَارِ الْعِصْيَانِ ۞ كَبُرَ الْجَهْلُ
وَالْعَمٰى ۞ وَكَثُرَ الرِّبٰوا وَشُرْبُ الْخُمُورِ وَالزِّنٰى ۞
وَاتَّخَذَ النَّاسُ جُهَّالَهُمْ فُقَهَاءَ ۞ وَسُفَهَاءَهُمْ
عُقَلَاءَ ۞ كَمْ تَرَوْنَ مِنْ عُرَاةٍ حُفَاةٍ مُّشَاةٍ
يَتَطَاوَلُونَ فِي الْبُنْيَانِ ۞ هَلْ مِنْ عَلَامَةٍ مِّنْ
عَلَامَاتِ السَّاعَةِ لَمْ تُوجَدْ فِي هٰذَا الزَّمَانِ
انْتَظِرُوا خُرُوجَ الْإِمَامِ الْمَهْدِيِّ إِمَامِ آخِرِ الزَّمَانِ
وَتَيَقَّظُوا مِنْ نَوْمِ الْغَفْلَةِ وَالْكَسْلَانِ ۞ وَارْفَعُوا
أَكُفَّ السُّؤَالِ إِلَى حَضْرَةِ الْمُتَعَالِ وَقُولُوا مِنْ صَمِيمِ
الْجَنَانِ ۞ اَللّٰهُمَّ يَا عَالِمَ مَا فِي سِرِّنَا وَنَجْوَانَا

اور تم شوق کی اونٹنیوں کو نہایت ذوق و سوق سے
بنی عدنان کی زیارت کیجانب حرکت دو سپس
قسم خدا کی اگر آپ کی حرمت اور آپ کا سایہ
نہوتا تو پھر آئینہ خدا ہم پر غضب کرتا۔ اور ہم پر
مکان کو ڈھا دیتا۔ کیونکر نہو جب کہ ہم مین
کبائر کی زیادتی ہوگئی ہے اور صغائر اور
گناہوں کے اقسام پھیلگئے ہین ہم باہم حسد کرتے
ہین اور پیٹھ پیچھے برائی کرتے ہین اور باہم جھگڑا
ہین اور باہم مناقشہ کرتے ہین اور نافرمانی کے
سمندر وں مین غوطہ مارتے ہین۔ اندھاپن
اور جہل بڑھگیا اور شراب خواری اور
زنا اور سود خواری کی زیادتی ہوگئی ۔
اور لوگون نے اپنے جاہلونکو فقیہ بنالیا اور اپنے
بیوقوفونکو عقلمند بنالیا ۔ کتنے ننگے پیرونکو
اور ننگے پیرون پھرنے والونکو تم عمارتون مین
درازی کرتے ہوئے دیکھتے ہو۔ کیا قیامت
کی علامتون مین سے کوئی علامت اس زمانے مین
نہین پائیجاتی۔ انتظار کرو تم آخر زمانے کے امام
اور امام مہدی کے خروج کا۔ اور جاگو تم
غفلت اور کسل کی نیند سے۔ اور سوال کے
ہاتھونکو برتر کی درگاہ کیجانب اُٹھاؤ اور
کہو خلوص قلب سے۔ اے اللہ اے ہمارے
بھید اور کن بھیدون کے جاننے والے

أَيْنَ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ أَيْنَ أَجْدَادُكُمْ وَأَحْبَابُكُمْ
وَالْأَقْرَانُ ۞ أَمَا سَمِعْتُمْ قَوْلَهُ تَعَالَىٰ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا
فَانٍ ۞ أَغِشَاوَةٌ عَلَى الْقُلُوبِ أَمْ صَمَمٌ فِي الْآذَانِ ۞
أَتْرُكُوا الْمَالَ وَالْأَوْلَادَ وَالْأَحْبَابَ وَالْأَحْفَادَ فَلَا
يَذْهَبُ أَحَدٌ مَعَكُمْ فِي بَيْتِ الْأَحْزَانِ ۞ وَأَسْرِعُوا
إِلَىٰ حَجِّ الْبَيْتِ الْعَتِيقِ بَيْتٌ مُبَارَكٌ طَافَتْ بِهِ
الْمَلَائِكَةُ قَبْلَ خَلْقِ الْخَلْقِ بِأَلْفَيْ عَامٍ ۞ وَتِيبَ
بِطَوَافِهِ عَلَىٰ سَيِّدِنَا آدَمَ صَلَّى عَلَىٰ نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِ الصَّلٰوةُ
وَالسَّلَامُ ۞ فِيهِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مِنْهَا مَقَامُ سَيِّدِنَا
إِبْرَاهَامَ ۞ بَيْتٌ جَعَلَهُ اللّٰهُ أَمْنًا وَعَظَّمَهُ حَبِيبُ
الرَّحْمٰنِ ۞ بَيْتٌ تُضَاعَفُ فِيهِ الْحَسَنَاتُ ۞ وَتُغْفَرُ
بِطَوَافِهِ الْخَطِيئَاتُ ۞ وَتُعْتَقُ الرِّقَابُ مِنَ النِّيرَانِ
كَمْ مِنْ عَاصٍ طَافَ بِالْبَيْتِ فَنَجَا وَكَمْ مِنْ مُذْنِبٍ
حَجَّ الْبَيْتَ فَصَارَ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ وَكَمْ مِنْ
هَالِكٍ وَقَفَ بِعَرَفَةَ فَعُتِقَ مِنْ عَذَابِ النِّيرَانِ

کہان ہین تمھارے باپ اور تمھارے بیٹے اور
کہان ہین تمھارے دادے اور دوست اور ہمسر
کیا تمنے خداے برتر کا قول نہین سنا کہ ہر شخص
جو زمین پر ہے فانی ہے۔ کیا دلون پر پردہ پڑا
ہوا ہے یا کانون مین بہرہ پن ہے۔ چھوڑ دو
تم مال اور اولاد اور دوستون اور
پوتون کو پس کوئی تمھارے ساتھ رنجون کے
گھر مین نہ جائیگا۔ اور جلدی کرو پرانے
گھر کے حج کیلئے وہ وہ مبارک گھر ہے جسکا
مخلوق کے پیدا ہونے سے دو ہزار برس
قبل سے فرشتے طواف کرتے ہین ۔ اور اسکے
طواف سے ہمارے سردار آدم علیہ السلام
کی توبہ قبول کیگئی ۔ اوس مین ظاہر نشانیان
ہین جنمین سے ہمارے سردار ابراہیم کا مقام ہے ۔ وہ
ایسا گھر ہے جسکو خدا نے امن بنایا ہے اور جسکی
خدا کے دوست نے تعظیم کی ہے۔ وہ ایسا گھر ہے
جسمین نیکیان دونی کردی جاتی ہین اور اوسکے
طواف سے خطائین بخشی جاتی ہین ۔ اور
گردنین دوزخ سے آزاد کردی جاتی ہین۔ کتنے
گنہگار ہین جنھون نے اس گھر کا طواف کیا پس
نجات پاگئے اور کتنے گنہگار ہین جنھون نے اس گھر کا
حج کیا پس وہ مثل اوس دن کے ہوگئے جسدن کہ اونکو
اونکی مان نے جنا تھا اور کتنے ہلاک ہونیوالے ہین جنھون نے
عرفہ مین وقوف کیا پس وہ دوزخ کے عذاب سے آزاد کردیئے گئے

وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
سَيِّدُ اَرْبَابِ التُّقٰى ۞ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا مِمَّا نَخْشٰى ۞
اَمَّا بَعْدُ فَيَآ اَرْبَابَ الْاَحْلَامِ وَالنُّهٰى ۞ تَفَكَّرُوْا
فِىْ مَبَادِيْكُمْ وَمَنَاشِيْكُمْ وَتَذَكَّرُوْا مَا سَيَمْضِىْ
عَلَيْكُمْ وَمَا مَضٰى خَلَقَكُمُ اللّٰهُ مِنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ۞
وَجَعَلَهٗ عَلَقَةً ثُمَّ مُضْغَةً ثُمَّ لَحْمًا وَّعَظْمًا ثُمَّ
اَلْبَسَهٗ صُوْرَةً فَسَوّٰى ۞ ثُمَّ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ ظُلُمَاتِ
الْاَرْحَامِ اِلٰى هٰذِهِ الدَّارِ الدُّنْيَا ۞ وَرَبَّاكُمْ
مِنْ صِبَاكُمْ وَاَلْهَمَكُمْ مَا يَنْفَعُكُمْ وَمَا يَضُرُّكُمْ
فِى الْعُقْبٰى ۞ وَفَضَّلَكُمْ عَلٰى سَآئِرِ مَخْلُوْقَاتِهٖ
بِاِعْطَآءِ الْاَفْهَامِ وَالنُّهٰى ۞ وَبَعَثَ عَلَيْكُمْ رُسُلًا
مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْهِ حُجَّةٌ
فِى الْاُخْرٰى ۞ وَبَيَّنَ لَكُمْ سَبِيْلَ الضَّلَالَةِ وَيَسَّرَ لَكُمْ
طُرُقَ الْهُدٰى ۞ وَوَعَدَ لِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ

اور گواہی دیتا ہوں مین کہ ہمارے سردار
اور ہمارے مولا محمد صلعم اوسکے بندہ اور
اوسکے رسول اور پرہیزگارون کے سردار
ہین- خدا اونپر اور اونکی آل اور اونکے
اصحاب اور اون لوگونپر جو اونکی پیروی
کرین ایسی رحمت بھیجے جو ہمکو اوس چیز سے
نجات دے جس سے ہم ڈرتے ہین-
بعد حمد و نعت کے پس اے عقل اور سمجھ
والو- فکر کرو تم اپنی مبادی اور اپنی
پیدائش کی جگہ مین اور یاد کرو اوس چیز کو
جو عنقریب تمپر گذریگا اور جو گذر گیا-
خدا نے تمکو ٹپکتی ہوئی منی سے پیدا کیا
اور اوسکو جما ہوا خون بنایا پھر لوتھڑا
بنایا پھر گوشت اور ہڈی بنایا پھر اوسکو
صورت پہنائی پھر برابر کیا- پھر تمکو
تاریکی رحم مین سے نکالا اس دار
دنیا مین- اور تمکو تمہارے بچپنے سے پالا
اور تمکو اوس چیز کا الہام کیا جو تمہین
عقبی مین نفع دے اور ضرر کرے-
اور تمکو سمجھ اور عقل دیکر اپنی تمام
مخلوقات پر فضیلت دی-
اور تمپر خوشخبری دینے والے
اور ڈرانیوالے رسولونکو بھیجا تاکہ
آخرت مین لوگون کے لئے اونپر
حجت نہو- اور تمہارے لئے گمراہی
کی راہ کو ظاہر کیا اور ہدایت کے
راستون کو تمہارے لیئے آسان کردیا
اور اوس شخص کے لئے جو اپنے
پروردگار کے مقام سے ڈرے

نَحْنُ غَرْقَى فِي بِحَارِ الْعِصْيَانِ ۔ نَسْأَلُكَ الْفَضْلَ وَالْجُوْدَ وَالْغُفْرَانَ ۔ فَحَقِّقْ رَجَاءَنَا وَاَعْطِنَا مَا سَأَلْنَا فَإِنْ تَطْرُدْنَا فَمَنْ يَّرْحَمُنَا يَوْمَ لَا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ لَا قُرَانٌ ۔ اٰمِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الرَّبِّ الرَّحِيْمِ ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ يَسْأَلُهُ مَنْ فِي السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَانٍ ۔ فَبِاَيِّ اٰلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ۔

ہم نافرمانی کے سمندر میں غرق ہیں ہم تجھسے فضل و جود و بخشش کو چاہتے ہیں تو ہماری امید کو پورا کر اور دیکھ جو ہم مانگتے ہیں پس اگر تو ہمکو پھیر دیگا تو کون ہم پر رحم کریگا جس دن کہ نہ خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی آمین اور تمام تعریف ثابت ہے واسطے پروردگار رحم کرنیوالے کے پناہ مانگتا ہوں خدا سے مردود شیطان سے اوس سے مانگتا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے ہر روز وہ ایک حال میں ہے پس تم دونو اپنے پروردگار کی کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے

اَلْخُطْبَةُ الْاُوْلٰى لِلْجُمُعَةِ الثَّالِثَةِ مِنْ شَوَّالٍ

پہلا خطبہ شوال کے تیسرے جمعہ کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَبِيْرِ الْاَعْلٰى ۔ اَلَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۔ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۔ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۔ وَبَسَطَ بِسَاطَ الْاَرْضِ وَجَعَلَهٗ مَسْكَنًا وَّمَدْفَنًا لِلذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى وَجَعَلَ سَقْفَ السَّمٰوَاتِ الْعُلٰى ۔ اَشْهَدُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَوْ كَانَ لَفَسَدَتِ السَّمٰوَاتُ وَالْاَرْضُوْنَ السُّفْلٰى

شروع ساتھ نام اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنیوالا

تمام تعریف ثابت ہے واسطے اوس خدا کے جو بزرگ اور بلند ہے۔ جسنے پیدا کیا پھر برابر کیا۔ اور اندازہ کیا پھر راہ دکھائی۔ اور جسنے نکالا چارہ اور زمین کے فرش کو بچھایا اور اوسکو مسکن و مدفن بنایا۔ اور اوسکی چھت بلند آسمانوں کو بنایا۔ گواہی دیتا ہوں میں کہ نہیں اوسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اوسکا کوئی شریک نہیں اور اگر کوئی شریک ہوتا تو آسمان اور اسفل زمین برباد ہو جاتے

كُتِبَتْ لَهُ عِبَادَةُ مِائَةِ سَنَةٍ وَفَازَ بِالْبُشْرٰى ۞
وَمَنْ شَكَرَهُ زَادَ اللّٰهُ فِي رَحْمَتِهِ وَنِعْمَتِهِ وَ
شَكَرَهُ بِمَغْفِرَتِهِ وَبَدَّلَ سَيِّاٰتِهِ بِالْحُسْنٰى ۞
وَمَنْ ذَكَرَهُ فِي نَفْسِهِ ذَكَرَهُ فِي نَفْسِهِ وَمَنْ ذَكَرَهُ
فِي مَلَأٍ ذَكَرَهُ فِي مَلَأٍ خَيْرٍ مِّنْهُ وَهُوَ مَلَأُ
مَلٰٓئِكَتِهِ الْعُلٰى ۞ وَعَلَيْكُمْ اَنْ لَّا تَزَالَ اَلْسِنَتُكُمْ
رَطْبَةً مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ لِيُظِلَّكُمْ رَبُّكُمْ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِهِ
الْمُعَلّٰى ۞ اَيُّهَا الشُّبَّانُ هٰذَا وَقْتُ الْاِجْتِهَادِ فِي
الْعِبَادَةِ ۞ هٰذَا وَقْتُ السَّعْيِ فِي الطَّاعَةِ ۞ هٰذَا وَقْتُ
الْجُهْدِ فِي الصِّيَامِ وَالْقِيَامِ وَاجْتِنَابِ الْاٰثَامِ الصُّغْرٰى
وَالْكُبْرٰى ۞ فَقَدْ وَرَدَ فِي الْخَبَرِ عَنْ سَيِّدِ الْبَشَرِ
اَنَّهُ ذَكَرَ مَنْ يُّظِلُّهُمُ اللّٰهُ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِهِ يَوْمَ
لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلُّهُ وَعَدَّ مِنْهُمْ اِمَامًا عَادِلًا وَرَجُلَيْنِ
تَحَابَّا فِي اللّٰهِ اجْتَمَعَا عَلَيْهِ وَعَلَيْهِ تَفَرَّقَا ۞
وَمَنْ اَخْفٰى صَدَقَتَهُ حَتّٰى لَا تَعْلَمَ شِمَالُهُ

اُسکے لیے سو برس کی عبادت لکھی جائیگی اور
بشارت سے فائز ہوگا۔ اور جو اُسکا شکر کریگا
خدا اپنی رحمت اور نعمت میں زیادتی کریگا
اور اُسکی بخششوں کو اُسکا شکر کریگا اور اُسکی
بدیوں کو نیکی سے بدل دیگا۔ اور جو اُسکو اپنے
دل میں یاد کریگا اُسکو خدا اپنے دل میں یاد کریگا
اور جو اُسکو مجمع میں یاد کریگا اُسکو وہ اُس سے
بہتر مجمع میں یاد کریگا اور وہ بلند فرشتوں کا
مجمع ہے۔ اور تمپر لازم ہے کہ تم اپنی زبانوں کو
خدا کی یاد سے تر رکھو تاکہ تمہارا رب تمکو اپنے
بلند عرش کے سایہ میں کرے۔ اے جوانو یہی
عبادت میں کوشش کا وقت ہے۔ یہی طاعت
میں کوشش کرنیکا زمانہ ہے۔ یہی نماز روزے
اور بڑے اور چھوٹے گناہوں کے اجتناب میں
کوشش کا وقت ہے۔ بتحقیق سید البشر سے
حدیث میں وارد ہوا ہے کہ آپنے اُن لوگوں کا ذکر کیا جنکو
خدا اُس دن اپنے عرش کے سایہ میں کریگا جسدن
سوا اُسکے سایہ کے کوئی اور سایہ نہوگا۔ اور اُن شخصوں
میں سے امام عادل کو گنا۔ اور اُن دو آدمیوں کو گنا
جنہوں نے خدا کے لیے محبت کی اور اسی میں جمع ہوئے
اور اسی میں جدا ہوئے اور جسنے مخفی صدقہ دیا
یہانتک کہ اسکے بائیں ہاتھ نے اسکو نہ جانا

وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ٭ بِاَنَّ الْجَنَّةَ لَهُ الْمَاْوٰى ٭
فَعَلَيْكُمْ اَنْ تَشْكُرُوْهُ عَلٰى مِنَنِهٖ وَتَحْمَدُوْهُ عَلٰى
نِعَمِهِ الَّتِيْ لَا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰى ٭ وَامْتَثِلُوْا اَوَامِرَهٗ
وَانْتَهُوْا عَمَّا زَجَرَ عَنْهُ وَنَهٰى ٭ وَلَا تَصْرِفُوْا
اَعْمَارَكُمْ فِى الْغَفَلَاتِ ٭ وَلَا تُضَيِّعُوْا اَنْفَاسَكُمْ
فِى اقْتِرَافِ السَّيِّئَاتِ ٭ فَمَنِ ارْتَكَبَ ذٰلِكَ
ضَلَّ وَطَغٰى ٭ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَاتَّبِعُوْا
سُنَّتَهٗ وَطَرِيْقَتَهٗ فَمَنْ تَرَكَ سُنَنَ نَبِيِّهٖ سَقَطَ وَ
هَلَكَ وَغَوٰى ٭ وَاِيَّاكُمْ مِّنِ اجْتِرَاحِ الْبِدْعَةِ
فَاِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ تَهْوِيْ بِصَاحِبِهَا اِلَى
الظُّلُمَاتِ وَالدَّرَكَاتِ السُّفْلٰى ٭ وَتَضَرَّعُوْا اِلٰى
رَبِّكُمْ فِيْ كُلِّ بُكْرَةٍ وَّعَشِيَّةٍ ٭ وَارْفَعُوْا اَكُفَّ
السُّؤَالِ اِلَيْهِ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ٭ عَلٰى اَنْ يَّرْحَمَكُمْ
رَبُّكُمْ وَيُنَجِّيْكُمْ مِّنَ الْعُسْرٰى ٭ وَاَكْثِرُوا الْفِكْرَ
وَالشُّكْرَ وَالذِّكْرٰى ٭ فَمَنْ تَفَكَّرَ فِيْ خَلْقِهٖ سَاعَةً

اور نفس کو خواہش سے روکے۔ اس پاس کا
وعدہ کیا کہ جنت اوسکے لئے پناہ گاہ ہے۔
پس تمپر لازم ہے کہ تم اوسکے احسانوں پر
اوس کا شکر کرو اور اوسکی بے شمار اور ان گنت
نعمتوں پر اوس کا شکر کرو۔ اور اوس کے حکم
بجا لاؤ اور اوس چیز سے رکو جس سے اوس نے
منع کیا ہے۔ اور اپنی عمروں کو غفلت میں صرف
نہ کرو۔ اور برائیوں کے حاصل کرنے میں اپنی
سانسوں کو ضائع کرو۔ پس جو اس کا
مرتکب ہوگا وہ گمراہ و سرکش ہوگا۔ اور
خدا اور اوس کے رسول کی اطاعت کرو
اور آپ کی سنتوں اور طریقوں پر
عمل کرو۔ پس جو اپنے نبی کی سنتوں کو چھوڑیگا
وہ گر پڑے گا اور ہلاک ہو جائے گا
اور گمراہ ہو جائیگا۔ اور بچو تم بدعت سے کیونکہ
اسلئے کہ ہر بدعت گمراہی ہے جو
اپنے کرنے والے کو تاریکیوں اور اسفل
طبقات میں جھونک دیتی ہے۔ اور اپنے
پروردگار سے زاری کرو ہر صبح و شام
میں اور ہاتھوں کو اوسکے جانب زاری کیساتھ
اور خفیتًا بلند کرو۔ شاید تمہارا پروردگار
تمپر رحم کرے اور تنگی سے نجات دے اور فکر
اور شکر اور یاد کی زیادتی کرو۔ پس جو
اپنی خلق میں ایک گھنٹہ فکر کریگا

الخطبة الاولى للجمعة الرابعة من شوال

پہلا خطبہ شوال کے چوتھے جمعہ کا

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله على الذات جليل الصفات * رافع الدرجات خالق الارض والسموات * مسكن الارض بالجبال الشامخات * اشهد ان لا اله الا هو وحده لا شريك له شهادة تنجينا من الدركات * وان سيدنا محمدا عبده ورسوله سيد النفوس القادسات * صلى الله عليه وعلى اله وصحبه ما دارت الافلاك الدائرات * اما بعد فيا اصحاب العقول والدرايات * طهروا نفوسكم من الخصائل الخبيثات * ونقوا ابدانكم من السيئات * وحاسبوا انفسكم في العشايا والغداوات * فمن حاسب نفسه قبل ان يحاسب نجا من شدة الحساب يوم الحسرات * وما ادراكم ما يوم الحسرات * يوم تسكب فيه العبرات *

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

تمام تعریف ثابت ہو اُس خدا کیلیے جو بزرگ ذات بزرگ صفات والا ہے جو بلند درجوں والا اور زمین اور آسمانوں کا پیدا کرنیوالا ہے جو زمین کو بلند پہاڑوں کے ذریعہ سے ٹھہرانیوالا ہے گواہی دیتا ہوں میں کہ تحقیق اُسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے اکیلا ہے اُسکا کوئی شریک نہیں ایسی گواہی جو ہلاکتوں سے ہمکو نجات دے اور گواہی دیتا ہوں میں کہ تحقیق ہمارے سردار محمد صلعم اُسکے بندے اور اُسکے رسول اور نفوس قدسیہ کے سردار ہیں خدا اُنپر اور اُنکی آل اور اُن کے اصحاب پر رحمت کرے جبتک گردش کرنیوالے آسمان گردش کرتے رہیں بعد حمد و نعت کے پس اے سمجھ اور عقلوں والوں۔ اپنے نفسوں کو خبیث عادتوں سے طاہر کرو اور اپنے بدنوں کو بدیوں سے پاک کرو اور اپنے نفسوں کا راتوں اور دنوں میں حساب کرو پس جو اپنے نفس کا قبل اسکے کہ حساب کیا جاوے حساب کریگا وہ حسرتوں کے دن حساب کی سختیوں سے نجات پا جائیگا۔ و کیا تم جانتے ہو کہ حسرتوں کا دن کیا ہے۔ وہ وہ دن ہے جس میں آنسو بہیں گے

فی یمینه ۞ ورجلاً دعته امرأة ذات
جمال ۞ فقال انی اخاف الرب ذا الجلال ۞
ورجلاً بکیٰ من خشیة الله فی الخلق ۞ وشابًا
نشأ فی عبادة ربه وخاف ربه الاعلیٰ ۞
ویا ایها الشیوخ قد مضیٰ ما مضیٰ ۞ وقرب
وقت الرحیل والفنا ۞ فاترکوا التغافل والتجاهل
والتساهل والتکاسل ۞ وتوبوا الی الله توبة
نصوحا ۞ وقولوا باجمعکم اللهم یا رحمٰن
یا منان یا من علی العرش استویٰ ۞ اغفر لنا ذنوبنا و
اسرافنا فی امرنا واهدنا وثبتنا علیٰ طرق الفلاح
والهدیٰ ۞ آمین ۞ یا رب العالمین ۞ اعوذ بالله
السمیع العلیم من الشیطان الرجیم ۞ واللیل
اذا یغشیٰ ۞ والنهار اذا تجلیٰ ۞ وما خلق الذکر
والانثیٰ ۞ ان سعیکم لشتیٰ ۞ فاما من اعطیٰ واتقیٰ
وصدق بالحسنیٰ ۞ فسنیسره للیسریٰ ۞

مسکو اپنے ہاتھ سے خرچ کیا اور اس شخص کو کہ جسکو
خوبصورت عورت نے بلایا پس اُس نے جواب دیا
بزرگ خدا سے ڈرتا ہوں اور اس شخص کو کہ روتا ہو خوف
میں خدا کے خوف سے ۔ دیا اور ایسے جوان کو
جو اپنے پروردگار کی عبادت میں پلا اور اپنے
بزرگ پروردگار سے خوف کیا ۔ اور اے بوڑھو
تحقیق کہ جو ہوا سو ہوا ۔ اور کوچ اور فنا کا وقت
قریب آگیا پس چھوڑ دو تم غفلت اور نادانی
اور تساہل اور کسل کو ۔ اور خدا سے خالص توبہ
کرو اور تم سب کہو ۔ اے خدا اے رحمٰن اے
منان اور اے وہ جو عرش پر ہے بخش ہمارے لیے
ہمارے گناہوں کو اور اپنے کام میں ہمارے
حد سے گزرنے کو اور ہمکو ہدایت کر اور ہمکو فلاح
اور ہدایت کے رستوں پر ثابت قدم رکھ آمین اے
تمام جہان کے پالنے والے ۔ پناہ مانگتا ہوں
میں سننے والے جاننے والے خدا سے ۔ ملعون
شیطان سے قسم رات کی جب کہ وہ ڈھانپ لے
اور قسم دن کی جبکہ وہ روشن ہو ۔ اور اُس چیز کی جسکو
خدا نے نر و مادہ پیدا کیا ہر آئینہ تمھاری کوشش
مختلف ہے لیکن جو دیوے اور ڈرے اور
سچائی کے ساتھ نیکی کرے پس عنقریب ہم
اُسکے لیے آسان کرینگے ۔

خُلِقَتْ لَكُمْ وَاَنْتُمْ خُلِقْتُمْ لِلْاٰخِرَةِ فَطُوْبٰى لِمَنْ تَزَوَّدَ
مِنْ دُنْيَاهُ لِاٰخِرَتِهٖ وَمِنْ حَيَاتِهٖ لِلْمَمَاتِ ۞ زُيِّنَ
لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِيْنَ وَ
الْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَاتِ ۞ فَمَنِ اغْتَرَّ بِزِيْنَةِ الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا وَاتَّبَعَ الْهَوٰى وَنَسِيَ مَا اَمَرَهُ بِهٖ رَبُّهٗ وَ
نَهٰى وَقَعَ فِيْ حُفْرَةِ الضَّلَالَاتِ ۞ اَمَا تَعْلَمُوْنَ
اَنَّ الدُّنْيَا غَدَّارَةٌ مَكَّارَةٌ مَلْعُوْنٌ مَا فِيْهَا اِلَّا
ذِكْرُ اللّٰهِ وَمَا يُمَاثِلُهٗ مِنَ الطَّاعَاتِ ۞ اَمَا تَنْظُرُوْنَ
اِلٰى ذَهَابِ النَّاسِ مِنْهَا فَوْجًا بَعْدَ فَوْجٍ ۞ وَابْتِلَائِهِمْ
بِالْمَصَائِبِ مَوْجًا بَعْدَ مَوْجٍ ۞ لَا يَنْفَعُهُمْ مَالٌ
وَلَا قَرَابَةٌ وَلَا بَنُوْنَ وَلَا بَنَاتٌ ۞ يَذْهَبُ مَعَهُمْ
اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ثَلٰثَةٌ اَلْمَالُ وَالْاَقَارِبُ وَالْاَعْمَالُ
فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقٰى مَعَهٗ وَاحِدٌ وَهُوَ الْاَعْمَالُ
الصَّالِحَاتُ اَوِ السَّيِّئَاتُ ۞ فَتَزَوَّدُوْا لِمَا سَيَعْرِضُ
لَكُمْ مِنْ سَفَرِ الْاٰخِرَةِ وَاَعِدُّوْا لَكُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ

کیونکہ وہ تمہارے لیے پیدا کی گئی ہے اور تم آخرت کے لیے
پیدا کیے گئے ہو پس مبارک ہو اسکو جو اپنی
دنیا سے اپنی آخرت کیلیے اور اپنی زندگی سے
موت کیلیے توشہ جمع کرے ۞ آراستہ کی گئی ہے لوگوں کے
لیے خواہشوں کی محبت عورتوں سے بیٹوں سے اور
ڈھیروں کے ڈھیر سے پس جو ذلیل زندگی کی زینت سے دھوکے
میں آ گیا اور اسنے خواہش کی پیروی کی اور بھول
گیا اس چیز کو جسکا اسکو اسکے پروردگار نے حکم دیا
اور جس سے منع کیا تو وہ گمراہیوں کے گڑھے میں گر گیا
کیا تم لوگ نہیں جانتے کہ دنیا دھوکا دینے والی مکر کرنے
والی ہے اور ملعون ہے وہ چیز جو اسمیں ہے مگر خدا کا ذکر
اور اسکے مماثل جو طاعتیں ہیں کیا تم لوگ نہیں دیکھتے ہو
دنیا سے لوگوں کے جانیکو گروہ کے بعد گروہ اور انکی
مصیبتوں میں مبتلا ہونیکو موج موج کرکے نہیں
نفع دیتا ہے انکو مال نہ قرابت نہ لڑکے نہ لڑکیاں
انکے ساتھ قبروں تک تین چیزیں جاتی ہیں مال اور
اقارب اور اعمال پس دو چیزیں لوٹ آتی ہیں
ایک چیز انکے ساتھ باقی رہتی ہے اور وہ نیک
یا برے اعمال ہیں پس سامان سفر کرلو
اس چیز کیلیے جو عنقریب پیش آنیوالی ہے
سفر آخرت سے اور مہیا کرو تم اپنے لیے
وہ جو مہیا کرسکو اس چیز سے

وَتَتَزَلْزَلُ اَقْدَامُ مَنْ فِي الْاَرْضِ وَمَنْ فِي السَّمٰوَاتِ ، وَيَدْنُو الشَّمْسُ مِنَ الرُّؤُوسِ ، وَيُحِيطُ بِهِمُ الْعَرَقُ مِنَ الْاَقْدَامِ اِلَى الرُّؤُوسِ ، فَمِنْ مُسْتَغْرِقٍ فِيهِ مِنَ الْقَدَمِ اِلَى الْخَاصِرَةِ ، وَمِنْ مُسْتَغْرِقٍ فِيهِ مِنَ الْقَدَمِ اِلَى التَّرْقُوَةِ ، وَمِنْ مُسْتَغْرِقٍ فِيهِ بِجَمِيعِ الْاَعْضَاءِ فَتَتَعَطَّلُ حَوَاسُّهُ الْمُدْرِكَاتُ ، يَوْمٌ يَشْتَدُّ عَلَى الْكُفَّارِ بَلَاءٌ اِلَى اَنْ يَقُولُوا رَبِّ اَرِحْنَا وَلَوْ اِلَى النَّارِ ، وَتَتَحَيَّرُ فِيهِ قُلُوبُ الْاَبْرَارِ ، لَا تَسْمَعُ فِيهِ مِنْ نَبِيٍّ وَلَا مِنْ رَسُولٍ اِلَّا نَفْسِي نَفْسِي اِلَّا نَبِيَّنَا صَاحِبَ الْاٰيَاتِ وَالْمُعْجِزَاتِ ، فَاِنَّهُ يَقُولُ اُمَّتِي اُمَّتِي وَيَسْتَشْفِعُ لِلْمُجْرِمِينَ وَالْعُصَاةِ ، فَطُوبٰى لِمَنِ اتَّبَعَ مِلَّتَهُ وَاتَّبَعَ سُنَّتَهُ ، وَلَزِمَ طَرِيقَتَهُ وَمَاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ ، وَدَخَلَ فِي شَفَاعَتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَصَلَتْ لَهُ النَّجَاةُ مِنَ الْمُوبِقَاتِ ، وَاعْلَمُوا اَنَّ الدُّنْيَا

اور اس دن لوگوں کے قدم جو زمین یا آسمانوں میں ہیں متزلزل ہونگے اور آفتاب سروں سے قریب ہو جائیگا اور لوگوں کو پسینہ قدموں سے لیکر سروں تک گھیر لیگا پس بہت سے قدم سے لیکر کمر تک پسینہ میں ڈوبے ہونگے اور بہت سے قدم سے لیکر ہنسلی تک پسینہ میں ڈوبے ہونگے اور بہتوں کے تمام اعضا پسینہ میں غرق ہونگے پس انکے ادراک کرنیوالے حواس معطل ہونگے۔ وہ وہ دن ہے جو کفار پر سخت ہوگا یہانتک کہ وہ کہینگے کہ اے پروردگار ہمکو راحت دے اگرچہ دوزخ ہی میں ہو۔ اور اس دن نیکوں کے قلوب متحیر ہونگے نہ سنوگے تم اس دن کسی نبی سے اور نہ کسی رسول سے مگر نفسی نفسی مگر ہمارے نشانیوں اور معجزات والے نبی سے کہ بیشک آپ امتی امتی کہینگے اور مجرموں اور گنہگاروں کی شفاعت کرینگے پس مبارک اسکو جو آپکے دین کی پیروی کرے اور آپکی سنتوں پر چلے اور آپکے طریقہ کو لازم کرے اور فطرت پر مرجائے۔ اور آپکی شفاعت میں داخل ہو اور اسکو ہلاک چیزوں سے نجات ملجائے۔ اور جانو تم لوگ کہ دنیا

وَلَا مِثْلَ لَهُ فِي الْحَوْلِ الْعَظِيمِ ۞ وَأَشْهَدُ أَنَّ
سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ صَاحِبُ
الْخُلُقِ الْعَظِيمِ وَالْفَضْلِ الْجَسِيمِ ۞ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَعَلَى آلِهِ وَصَحْبِهِ وَمَنْ تَبِعَهُمْ إِلَى يَوْمِ النَّعِيمِ ۞
وَبَعْدُ فَيَا أَيُّهَا الْأَكْيَاسُ ۞ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ
تَنَبَّهُوا مِنْ نَوْمِ الْغَفْلَةِ ۞ وَالْزَمُوا بَدَلَ النَّوْمِ
الْيَقْظَةَ ۞ وَتَفَكَّرُوا فِيمَا مَضَى عَلَيْكُمْ وَمَا يَمْضِي ۞
وَتَذَكَّرُوا مَا سَبَقَكُمْ وَمَا يَأْتِي ۞ وَاجْتَهِدُوا فِي
الْعِبَادَةِ ۞ طَلَبًا لِلْحُسْنَى وَالزِّيَادَةِ ۞ فَطُوبَى لِمَنْ
جَاهَدَ نَفْسَهُ فِي اللهِ حَقَّ جِهَادِهِ ۞ وَاجْتَهَدَ فِي
مَرْضَاتِ اللهِ بِغَايَةِ اجْتِهَادِهِ ۞ وَتَذَكَّرَ مَا مَضَى
وَمَا يَأْتِي ۞ وَتَبَصَّرَ فِيمَا أَتَى وَمَا يَمْضِي ۞ فَمَنْ
كَانَ أَهْلًا لِلسَّعَادَةِ ۞ فَسَنُيَسِّرُهُ لِعَمَلِ أَهْلِ السَّعَادَةِ ۞
وَعَلَيْكُمْ بِتَجَنُّبِ الْاِخْتِرَاعِ ۞ وَالتَّحَرُّزِ عَنِ
الْاِبْتِدَاعِ ۞ فَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ وَعِصْيَانُ الْمَوْلَى ۞

اور عظمت والی قوت میں اسکا کوئی مثل نہیں اور
اور گواہی دیتا ہوں میں تحقیق ہمارے سردار اور
مولا محمد صلعم اُسکے بندے اور اُسکے رسول اور
اچھے خلق اور بڑی فضیلت والے ہیں رحمت
کرے خدا ان پر اور انکی آل اور انکے اصحاب اور
ان لوگوں پر جو انکی پیروی کریں قیامت تک
اور بعد حمد و نعت کے پس اے عقلمندو جنوں
اور لوگوں کے جاگو تم غفلت کی نیند سے اور
لازم کرو تم نیند کے بدلے بیداری کو اور فکر کرو تم
اس چیز میں جو تم پر گذرا اور جو گذریگا اور یاد
کرو تم اس چیز کو جو تم سے پہلے ہوا اور جو آئیگا
اور کوشش کرو تم عبادت میں نیکی اور
زیادتی کے طلب کرنے کیلیے پس مبارک ہو
اس شخص کو جو خدا میں اپنے نفس سے بڑا جہاد کرے
اور جو خدا کی مرضی میں پوری کوشش کرے
اور یاد کرے اس چیز کو جو گذرا اور جو آئیگا
اور غور کرے اس چیز میں جو ہوا اور جو ہوگا پس
جو سعادت کا اہل ہے عنقریب آسان
کر دیا جائیگا وہ سعادت والوں کے عمل کیلیے
اور لازم کر لو تم بچنے اور اختراع سے بچنے کو
اور بدعت کرنے سے احتراز کو پس ہر
بدعت گمراہی اور مالک کی نافرمانی ہے

لِمَا يَبْقٰى مَعَكُمْ عِنْدَ السَّكَرَاتِ ۞ وَاَكْثِرُوْا مِنْ
ذِكْرِ اللّٰهِ وَالدُّعَاءِ مِنْهُ وَالتَّضَرُّعِ اِلَيْهِ فَاِنَّهٗ
مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ ۞ وَقُوْلُوْا بَاسِطِيْ اَكُفِّ السُّؤَالِ
اِلٰى حَضْرَتِهٖ اَللّٰهُمَّ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ ۞ يَا بَدِيْعَ
السَّمٰوَاتِ ۞ اِغْفِرْ لَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا وَاَصْلِحْ حَالَنَا وَطَهِّرْ
بَالَنَا وَنَجِّنَا مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْحَشْرِ وَالْحَسَرَاتِ ۞
اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ ۞ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۞

جو تمہارے ساتھ سکرات کے وقت باقی
رہے۔ اور زیادتی کرو تم خدا کے ذکر اور دعا
اور زاری کی اسکے لیے کہ وہی دعاؤں کا قبول
کرنیوالا ہے۔ اور کہو تم سوال کے ہاتھوں کو
اسکی درگاہ کی جانب اُٹھا کر اے خدا
حاجتوں کے پورا کرنیوالے اے آسمانوں کے پیدا
کرنیوالے ہمکو بخشدے اور ہماری توبہ قبول کر
اور ہمارے حال کو درست کر اور ہمارے دل کو پاک
کر دے۔ اور ہمکو قبر کے عذاب اور حشر کے عذاب اور
حسرتوں سے نجات دے۔ پناہ مانگتا ہوں میں سننے والے
جاننے والے خدا سے ملعون شیطان سے۔ اور وہ لوگ کہ
ایمان لائے اور نیک کام کیے وہ جنتوں کے باغوں میں ہیں

اَلْخُطْبَةُ الْاُوْلٰى لِلْجُمُعَةِ الْخَامِسَةِ مِنْ شَوَّالٍ

پہلا خطبہ شوال کے پانچویں جمعہ کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ الْكَرِيْمِ ۞ اَلرَّءُوْفِ الرَّبِّ الرَّحِيْمِ ۞
الَّذِيْ مَنَّ عَلَيْنَا وَفَضَّلَنَا بِالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۞ اَحْمَدُهٗ
حَمْدًا كَثِيْرًا عَلٰى لُطْفِهِ الْعَمِيْمِ ۞ وَاَشْكُرُهٗ شُكْرًا كَثِيْرًا
عَلٰى اِحْسَانِهِ الْقَدِيْمِ ۞ اَشْهَدُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ فِيْ مُلْكِهٖ وَلَا نِدَّ لَهٗ فِيْ مَلَكِهٖ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے جو بڑا مہربان رحم کرنیوالا ہے
تمام تعریف ثابت ہے اُس خدا کیلئے جو برتر اور
کرم والا ہے مہربانی کرنیوالا پالنے والا اور رحم
کرنیوالا ہے۔ جسنے ہم پر احسان کیا اور ہمکو بڑے
فضل سے فضیلت دی۔ حمد کرتا ہوں میں اُسکی
بہت حمد اسکی عام مہربانی پر اور شکر کرتا ہوں میں
اسکا بڑا شکر اسکے قدیم احسان پر۔ گواہی دیتا ہوں میں
کہ تحقیق اسکے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ اکیلا ہے اسکی
بادشاہت میں اسکا کوئی شریک نہیں اور
اسکی ملک میں اسکا کوئی ہمسر نہیں۔

وَسُوْءِ الْحِسَابِ ۞ وَوَفَّقَنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ لِلْجُهْدِ فِي الْعِبَادَةِ وَذِكْرِ رَبِّ الْاَرْبَابِ ۞ وَقُوْلُوْا مِنْ خُلُوْصِ الْجَنَانِ ۞ اَللّٰهُمَّ يَا مَنَّانُ يَا رَحْمٰنُ ۞ نَحْنُ عِبَادُكَ الْعُصَاةُ الْبُغَاةُ الْعُتَاةُ ۞ فَارْحَمْنَا وَاغْفِرْ لَنَا يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْهِبَاتِ ۞ يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ وَرَافِعَ الدَّرَجَاتِ ۞ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ۞ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ رَوْضٰتِ الْجَنّٰتِ ۞	اور حساب کی برائی سے اور ہمکو اور تمکو عبادت میں کوشش کرنے اور پروردگاروں کے پروردگار کو یاد کرنے کی توفیق دے اور کہو تم لوگ خلوص قلب سے کہ اے اللہ اے منان اے رحمٰن ہم تیرے گنہگار باغی اور سرکش بندے ہیں ۞ پس ہم پر رحم کر اور ہمکو بخشدے اے عطیوں اور فضل والے۔ اے دعاؤں کے قبول کرنیوالے۔ اے درجوں کے بلند کرنیوالے پناہ مانگتا ہوں میں سننے والے جاننے والے خدا سے ملعون شیطان سے ۞ اور وہ لوگ جو ایمان لائے اور کام اچھے کیے جنتوں کے باغوں میں ہیں

اَلْخُطْبَةُ الْاُوْلٰى لِلْجُمُعَةِ الْاُوْلٰى مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ

پہلا خطبہ ذی قعدہ کے پہلے جمعہ کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحَاطَ عِلْمُهٗ بِكُلِّ ذَرَّةٍ ۞ لَا يَعْزُبُ عَنْ عِلْمِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ ۞ سُبْحَانَهٗ مَا اَعْظَمَ شَانَهٗ وَاَعَزَّ مَكَانَهٗ ۞ اَشْهَدُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ تَفَرَّدَ بِوَحْدَانِيَّتِهٖ وَتَوَحَّدَ بِصَمَدِيَّتِهٖ لَا ضِدَّ لَهٗ وَلَا نِدَّ لَهٗ ۞	شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے تمام تعریف ثابت ہے اس خدا کیلیے جسکا علم ہر ذرہ کو گھیرے ہوے ہے۔ جسکے علم سے ایک ذرہ برابر بھی نہیں پوشیدہ رہتا۔ پاک ہے وہ کسقدر بڑی ہے شان اسکی اور عزت والا ہے مرتبہ اسکا۔ گواہی دیتا ہوں میں کہ تحقیق اسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اسکا کوئی شریک نہیں ہے وہ اپنی وحدانیت میں فرد ہے اور اپنی سرداری میں اکیلا ہے نہ کوئی اسکا ضد ہے اور نہ کوئی اسکا ہمسر ہے

وكل ضلالة تهوي بصاحبها الى شر المهاوى ٭
وعليكم باداء اركان الاسلام ٭ فانها عمد
الاسلام ٭ من اتى بها بحقوقها وحدودها
نال خير الجزاء ٭ ومن تهاون فيها مال الى
شر الجزاء ٭ وعليكم بتصفية النفس من
الصفات المهلكة ٭ من الحسد والشح والكبر
والبغضة ٭ فان النفس لامارة بالسيئات ٭
ومنهمكة في المهلكات ٭ فمن خبثت نفسه
قبحت افعاله ٭ وساءت مصيرته وفسد ماله ٭ و
اكثروا من ذكر الله في كل صبح ومساء ٭ فذكره
شفاء من كل داء ٭ به ينجو المرء من كل
داهية دهماء ٭ وافة عمياء ٭ وهو الذي
ينجي الشيطان عن الانسان ٭ ويقرب الذاكر
الى الرحمن ٭ جعلنا الله واياكم ممن تاب
واناب ٭ وحفظنا الله واياكم من شدة المناقشة

اور ہر گمراہی لیجا کر گراتی ہے گمراہ کو بری جگہون کی جانب
لیجاتی ہے۔ اور لازم کر لو تم لوگ اپنے اوپر ارکان اسلام
کی ادائگی کو۔ اسلیئے کہ وہ اسلام کے کھنبے ہین
جو انکو انکے حدود اور انکے حقوق کیساتھ ادا کریگا
وہ بہتر بدلہ پائیگا۔ اور جو انمین سستی کریگا وہ
برے بدلے کے جانب مائل ہوگا۔ اور لازم کرو تم لوگ
اپنے اوپر صفات مہلک سے نفس کے پاک کرنے کو
حسد اور لالچ اور تکبر اور بغض سے اسلیئے کہ ہر آئینہ
نفس برائیون کا حکم دینے والا ہے۔ اور مہلکات
مین منہمک ہے پس جسکا نفس خبیث ہوجاتا
ہے اسکے افعال قبیح ہوجاتے ہین۔ اور اسکا
انجام برا ہوجاتا ہے اور اسکا مال بگڑ جاتا ہے۔
اور زیادتی کرو تم لوگ خدا کے ذکر کی ہر صبح اور
شام مین۔ پس اسکی یاد ہر بیماری سے شفا
ہے۔ اسی سے آدمی ہر سخت مصیبت سے
اور ہر سخت آفت سے نجات پاتا ہے
اور وہی شیطان کو انسان سے نجات
دلاتی ہے اور یاد کرنے والے کو خدا سے
قریب کرتی ہے۔ خدا ہمکو اور تم کو ان
لوگون مین سے کرے جنھون نے توبہ کی
اور قرب حاصل کیا۔ اور خدا ہمکو اور تمکو
محفوظ رکھے مناقشہ کی سختی

وَهُوَ الشَّهْرُ الَّذِي اعْتَمَرَ فِيهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ مَرَّةً بَعْدَ مَرَّةٍ ؛ فَعَلَيْكُمْ أَنْ تَسْتَقْبِلُوهُ بِالْاِحْتِرَامِ ؛ وَتَجْتَنِبُوا فِيهِ الْآثَامَ ؛ وَجَاهِدُوا فِي طَاعَةِ الْمَوْلَى الْمِنْعَامِ ؛ لِيَكُونَ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عُدَّةً ؛ وَتَحْصُلَ لَكُمُ النَّجَاةُ مِنَ الْعَذَابِ وَالشِّدَّةِ ؛ فِي يَوْمٍ عَبُوسٍ قَمْطَرِيرٍ طَوِيلِ الْمُدَّةِ ؛ فَمَنِ اجْتَهَدَ فِي هٰذَا الشَّهْرِ فِي الْعِبَادَاتِ وَالرِّيَاضَاتِ وَاجْتَنَبَ السَّيِّئَاتِ وَالْخَطِيئَاتِ ؛ فَازَ بِأَعْلَى الدَّرَجَةِ وَأَبْهَى الرُّتْبَةِ ؛ وَمَنْ تَكَاسَلَ فِيهِ عَنِ الطَّاعَاتِ ؛ وَانْهَمَكَ فِي قَضَاءِ الشَّهَوَاتِ ؛ نَالَ الْحَسْرَةَ وَالشِّدَّةَ ؛ بِاللّٰهِ عَلَيْكُمْ لَا تُضَيِّعُوا أَعْمَارَكُمْ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ إِلَى صُوَرِكُمْ وَلَا إِلَى أَمْوَالِكُمْ ؛ وَإِنَّمَا يَنْظُرُ إِلَى أَعْمَالِكُمْ وَأَفْعَالِكُمْ ؛ فَيَقْبَلُ مِنْهَا مَا كَانَ لَهُ وَيَرُدُّ مَا كَانَ لِغَيْرِهِ ؛ وَدَخَلَ فِيهِ الرِّيَاءُ وَالسُّمْعَةُ ؛ أَلَا إِنَّ بَقَاءَ الدُّنْيَا

اور یہ وہ مہینہ ہے جسمیں نبی صلعم نے عمرہ کیے بعد دیگرے۔ پس تمپر لازم ہے کہ تم اس مہینہ کا احترام کیساتھ استقبال کرو + اور اس مہینہ میں گناہوں سے بچو + اور انعام کرنیوالے مالک کی فرمانبرداری میں کوشش کرو تاکہ یہ تمہارے لیے قیامت کے دن سرمایہ ہو جائے اور تمکو عذاب سے اور سختی سے نجات ملجائے سخت اور دراز مدت والے دن میں پس جو کوشش کریگا اس مہینہ میں عبادتوں اور ریاضتوں میں + اور بدیوں اور خطاؤں سے بچیگا + وہ بلند درجہ اور بہتر رتبہ سے نامور ہوگا + اور جو اس مہینہ میں طاعتوں سے کسل کریگا + اور خواہشوں کو پورا کرنے میں منہمک ہو جائیگا + وہ حسرت اور سختی پائیگا قسم خدا کی تمپر لازم ہے کہ تم اپنی عمروں کو ضائع نکرو اور اپنے عملوں کو باطل نکرو اسلیے کہ خدا تمہاری صورتوں اور تمہارے مالوں کو نہ دیکھیگا + اور جز این نیست کہ تمہارے عملوں اور افعال کو دیکھیگا + پس قبول کریگا ان عملوں میں سے وہ جو اسکیلیے ہے اور رد کر دیگا اسکو جو اسکے غیر کیلیے ہے اور جسمیں ریا کو دخل ہے آگاہ ہو جاؤ کہ تحقیق دنیا کی

وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ
وَرَسُوْلُهٗ ذُو الْفَضْلِ وَالْعِزَّةِ ۔ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ صَلٰوةً بَاقِيَةً بِبَقَاءِ الْمُدَّةِ ۔
اَمَّا بَعْدُ اِخْوَانِيْ وَخُلَّانِيْ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجِنَّةِ ۔
تَذَكَّرُوْا نِعَمَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ مِّنْ حِيْنَ كُنْتُمْ فِي الْاَرْحَامِ
اَجِنَّةً ۔ فَاَلْبَسَكُمْ لِبَاسَ الْوُجُوْدِ وَخَلَعَ عَلَيْكُمْ
خِلْعَةَ الْقُدْرَةِ ۔ وَرَبَّاكُمْ مِّنْ عَهْدِ صِبَاكُمْ وَ
اَفَاضَ عَلَيْكُمْ سِجَالَ الْمِنَّةِ ۔ وَاَدَارَ عَلَيْكُمُ السِّنِيْنَ
وَالشُّهُوْرَ وَخَصَّ بَعْضَهَا بِالْقَدْرِ وَالْعِزَّةِ ۔ مِنَّةً
عَلَيْكُمْ لِتُقْبَلَ طَاعَاتُكُمْ وَتُجَابَ دَعَوَاتُكُمْ وَ
تُكَمَّلَ عِبَادَاتُكُمْ فَتَفُوْزُوْا بِدَارِ السَّلَامِ وَالْجَنَّةِ
اَلَا قَدْ مَضٰى شَهْرُ شَوَّالٍ ۔ اَوَّلُ اَشْهُرِ حَجِّ كَعْبَةِ
الرَّبِّ الْمُتَعَالِ ۔ وَاَظَلَّكُمْ ذُو الْقَعْدَةِ ۔ اَوَّلُ
الْاَشْهُرِ الْحُرُمِ الْمُتَوَالِيَةِ ۔ وَهِيَ رَجَبُ الْفَرْدُ وَ
ذُو الْقَعْدَةِ وَذُو الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ ذُو الْفَضْلِ وَالرُّتْبَةِ

اور گواہی دیتا ہوں میں کہ تحقیق ہمارے سردار
اور ہمارے مولا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اسکے بندے اور اسکے رسول
اور عزت اور فضیلت والے ہیں رحمت
کرے خدا اُنپر اور اُنکی آل اور اُنکے اصحاب پر
ایسی رحمت جو ہمیشہ باقی رہے ہمیشہ کیساتھ باقی
رہنے والی۔ بعد حمد و نعت کے اے میرے بھائیو اور
دوستو انسانوں اور جنوں سے۔ یاد کرو اللہ کی ان
نعمتوں کو جو تمہارے اوپر ہیں اسوقت سے جبکہ تم پیٹوں
میں تھے بچے پس اُسنے تمکو وجود کا لباس پہنایا
اور تمکو قدرت کا خلعت پہنایا۔ اور تمکو تمہارے بچپنے
سے پالا اور تمپر احسان کے ڈول ڈالے اور تمپر
سالوں اور مہینوں کو گردش کرایا اور اُنمیں سے
بعض کو عزت اور مرتبہ کیساتھ خاص کیا تمہارے
اوپر احسان کرکے تاکہ تمہاری طاعتیں قبول کیجائیں
اور تمہاری دعائیں مقبول ہوں اور تمہاری عبادتیں
کامل ہو جائیں پس تم امن کے گھر اور جنت سے کامیاب
ہو جاؤ۔ آگاہ ہو جاؤ کہ تحقیق گذر گیا شوال کا
برتر پروردگار کے حج کے مہینوں میں سے پہلا مہینہ
اور تمپر ذیقعدہ نے سایہ کرلیا ہے جو پے در پے شہر حرام
میں سے سب سے پہلا مہینہ ہے اور وہ شہر حرام یہ ہیں
رجب ذوالقعدہ اور ذی الحجہ اور فضل و رتبہ والا محرم

اَلْخُطْبَةُ الْأُوْلٰى لِلْجُمُعَةِ الثَّانِيَةِ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لَكَ يَا خَالِقَ الْاَرْضِ وَالْاَفْلَاكِ، جَاعِلَ
الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْمَلَكِ، اَحْمَدُكَ حَمْدًا كَثِيْرًا
وَّاَشْكُرُكَ شُكْرًا جَمِيْلًا عَلٰى اَنْ حَسَّنْتَ خَلْقَنَا
وَخُلُقَنَا وَجَعَلْتَنَا مِنْ اَفْضَلِ مَخْلُوْقَاتِكَ وَدَبَّرْتَ
الْاُمُوْرَ مِنَ الْاَرْضِ اِلَى الْفَلَكِ، اَشْهَدُ اَنَّكَ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، وَلَا
ضِدَّ وَلَا نِدَّ وَلَا عَدِيْلَ وَلَا مَثِيْلَ لَكَ، وَاَشْهَدُ
اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ
سَيِّدُ مَنِ اصْطَفَيْتَهُ لَكَ، اَلْمُنَادٰى بِلِسَانِ الْحَالِ
وَالْمَقَالِ مِنْ كُلِّ مَخْلُوْقٍ فِي الْمَاضِيْ وَالْمُسْتَقْبَلِ
وَالْحَالِ قَدْ عَظَّمَكَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَبَجَّلَكَ، صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ مَّا طَارَ
الطَّائِرُ وَسَارَ السَّائِرُ وَدَارَ الْفَلَكُ.

پہلا خطبہ ذیقعدہ کے دوسرے جمعہ کا

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
تمام تعریفیں تیرے لیے ہے اے آسمان اور زمین کے
پیدا کرنیوالے - اے انسانوں اور جنوں اور
فرشتوں کے بنانیوالے میں تیری بہت حمد کرتا ہوں
اور تیرا بہتر شکر کرتا ہوں اس بات پر کہ تو نے ہماری
پیدائش اور ہماری صورت کو اچھا بنایا اور
تو نے ہمکو اپنی مخلوقات میں افضل کیا اور تو نے
زمین سے لیکر آسمان تک تدبیر کی - گواہی
دیتا ہوں میں کہ تحقیق تیرے سوا کوئی معبود
نہیں تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں - اور
نہ کوئی ضد ہے اور نہ کوئی ہمسر ہے اور نہ کوئی
تیرا برابر ہے اور نہ کوئی تیرا مثل ہے - اور گواہی
دیتا ہوں کہ تحقیق ہمارے سردار اور ہمارے مولا
محمد صلعم تیرے بندے اور تیرے رسول اور اولاد آدم کے
سردار ہیں جنکو تو نے اپنے لیے چن لیا ہے - جو
زبان حال اور زبان مقال سے ہر مخلوق سے
ماضی اور مستقبل اور حال میں پکارے گئے ہیں انکو
خدا نے عظمت دی اور آپکو خدا نے بزرگ کیا -
رحمت کرے خدا انپر اور انکی آل اور انکے اصحاب پر اور
انکو جنہوں نے انکی اتباع کی جبتک پرندہ اڑتا رہے
اور چلنے والا چلتا رہے اور آسمان گھومتا رہے

لَيْسَ لَهٗ قَرَارٌ وَّلَا لَهٗ اِعْتِبَارٌ وَّاِنْ طَالَ الْعُمُرُ
وَالْمُدَّةُ ۞ اَلَا اِنَّ اَحْسَنَكُمْ اَطْوَلُكُمْ اَعْمَارًا وَّ
اَحْسَنُكُمْ اَعْمَالًا ۞ وَاَشْقَاكُمْ اَطْوَلُكُمْ اَعْمَارًا وَّ
اَخْبَثُكُمْ اَفْعَالًا ۞ وَهُوَ الَّذِيْ يُنَاقَشُ فِي الْحِسَابِ
وَيُلْقٰى فِيْٓ اَصْنَافِ الْاَلَمِ وَالشِّدَّةِ ۞ اَللّٰهُمَّ
يَا رَحْمٰنُ يَا مَنَّانُ يَا ذَا اللُّطْفِ وَالْعِزَّةِ ۞ اِغْفِرْ لَنَا
ذُنُوْبَنَا وَاسْتُرْ عُيُوْبَنَا وَنَجِّنَا مِنْ كُلِّ هَمٍّ
وَّغَمٍّ وَّذِلَّةٍ ۞ وَتَقَبَّلْ عِبَادَاتِنَا فَاجْعَلْهَا
لِبَقَآئِكَ عُدَّةً ۞ اٰمِيْنَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الرَّبِّ الْعَظِيْمِ ۞ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ
مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۞ فَمَا لَهُمْ عَنِ
التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ
فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ۞ بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ
اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ۙ كَلَّا بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ
الْاٰخِرَةَ ۞ كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ۞ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۞

بقا اسکو قرار نہیں اور نہ اسکا اعتبار ہے اگر
عمر اور مدت دراز ہو۔ آگاہ ہو جاؤ تحقیق
تم میں کا بہتر تم میں سے دراز عمر والا اور
بہتر عمل والا ہے ۞ اور تم میں کا بدبخت تم میں
سے دراز عمر والا اور خبیث افعال والا ہے
اور وہی وہ ہے جو حساب میں مناقشہ
کیا جائیگا اور جو سختی اور رنج کے اصناف
میں ڈالا جائیگا۔ اے اللہ اے رحمٰن
اے منان اے عزت اور مہربانی والے
ہمارے لئے ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہمارے
عیبوں کو چھپا اور ہمکو ہر رنج اور ہر غم اور ہر ذلت
سے نجات دے۔ اور ہماری عبادتوں کو قبول کر اور
انکو اپنی بقا کے لئے سامان بنا آمین اے سب سے زیادہ
رحم کرنیوالے ۞ اور تمام تعریف ثابت ہے
بڑے پروردگار خدا کیلئے ۞ پناہ مانگتا ہوں
خدا سے ملعون شیطان سے ۞ پس کیا ہے
انکو کہ وہ نصیحت لینے سے روگرداں ہیں
گویا کہ وہ وحشی گدھے ہیں جو آدمیوں کی آواز سے
بھاگتے ہیں بلکہ ہر ایک انمیں سے یہی
چاہتا ہے کہ وہ کھلے ہوئے صحیفے دیا جائے
ہرگز نہیں بلکہ وہ نہیں ڈرتے ہیں آخرت سے
ہرگز نہیں تحقیق یہ نصیحت ہے پس جو آدمی
چاہے نصیحت لے

فَاِنَّ عَنْ شِمَالِكَ وَيَمِيْنِكَ مَلَكًا يَكْتُبُ مَا تَفْعَلُ وَمَا
تَقُوْلُ وَيُرَاقِبُكَ فِيْ كُلِّ مَا تَجُوْلُ فِيْهِ وَتَعُوْلُ وَيُثْبِتُ
فِيْ دَفْتَرِهٖ كُلَّ مَا هُوَ عَلَيْكَ وَمَا هُوَ لَكَ ٭
وَادْعُ اللّٰهَ بِخُلُوْصِ الطَّوِيَّةِ وَصِدْقِ النِّيَّةِ قَائِلًا
يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ ٭ يَا مَنَّانُ يَا حَنَّانُ ٭ يَا مَنْ
يَعْلَمُ مَا تَحْتَ الثَّرٰى وَمَا فَوْقَ الْفَلَكِ ٭
اِغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاسْتُرْ عُيُوْبَنَا وَوَفِّقْنَا لِمَا تُحِبُّهٗ
وَتَرْضَاهُ وَلَا تَجْعَلْنَا مِمَّنْ هَلَكَ ٭ اٰمِيْنَ ٭
يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ٭ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ ٭
مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ٭ يَا اَيُّهَا الْاِنْسَانُ
مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰكَ
فَعَدَلَكَ فِيْ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ٭

اسلیے کہ تیرے داہنے اور تیرے بائیں ایک
فرشتہ ہے جو لکھتا ہے وہ جو تو کرتا ہے اور جو تو
کہتا ہے ٭ اور نگرانی کرتا ہے وہ تیری ہر اُس
چیز میں جس میں تو گھومتا ہے اور صرف تو کرتا ہے
اور ثبت کرتا ہے وہ اپنے دفتر میں ہر وہ چیز جو کہ تجھ پر ہے
اور جو تیرے لیے ہے - اور دعا کر تو خدا سے خلوص
قصد اور صدق نیت سے کہتا ہوا کہ اے خدا
اے رحمٰن ٭ اے منان اے حنان ٭ اے وہ جو
اس چیز کو جانتا ہے جو تحت الثریٰ میں ہے اور اسکو
جو آسمان پر ہے - ہمارے لیے ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہمارے
عیبوں کو چھپا اور ہمکو اس چیز کی توفیق دے جسکو دوست
رکھتا ہے اور جس سے تو راضی ہوتا ہے اور نہ کر تو ہمکو انہوں
میں سے جو ہلاک ہو گئے - آمین ٭ اے تمام جہانوں کے
پالنے والے ٭ پناہ مانگتا ہوں میں سننے والے جاننے والے
خدا سے ملعون شیطان سے ٭ اے انسان تجھکو کس چیز نے
اپنے بزرگ پروردگار سے دھوکے میں ڈالدیا
جسنے تجھکو پیدا کیا پھر اسنے تجھکو برابر کیا پھر تجھکو
ٹھیک کیا جس صورت میں چاہا تجھکو ترکیب دیا

اَلْخُطْبَةُ الْاُوْلٰى لِلْجُمُعَةِ الثَّالِثَةِ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ

پہلا خطبہ ذیقعدہ کی تیسری جمعہ کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے جو بڑا مہربان رحم کرنیوالا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْحَلِيْمِ الْمَنَّانِ ٭ اَلْكَرِيْمِ الدَّيَّانِ ٭

تمام تعریف ثابت ہے اُس خدا کیلئے جو بردبار اور
احسان کرنیوالا ہے جو کریم اور دیان والا ہے

أَمَّا بَعْدُ فَيَا أَيُّهَا الْإِنْسَانُ تَذَكَّرِ النِّعَمَ الْفَائِضَةَ عَلَيْكَ مِمَّنْ خَلَقَكَ وَعَدَلَكَ، حَيْثُ أَخْرَجَكَ مِنَ الْعَدَمِ إِلَى الْوُجُودِ، وَأَمْطَرَ عَلَيْكَ قَطَرَاتِ اللُّطْفِ وَالْجُودِ، وَفَضَّلَكَ عَلَى كُلِّ مَخْلُوقٍ حَتَّى الْجِنِّ وَالْمَلَكِ، فَلَا تُضَيِّعْ أَوْقَاتَكَ النَّفِيسَةَ فِي ارْتِكَابِ الْأَعْمَالِ الْخَبِيثَةِ، وَاجْتَهِدْ فِي تَحْصِيلِ مَرْضَاةِ مَنْ رَبَّاكَ وَسَجَّلَكَ، وَعَلَيْكَ بِكَثْرَةِ ذِكْرِ رَبِّكَ صَبَاحًا وَمَسَاءً، فَإِنَّ ذِكْرَ اللّٰهِ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ، وَهُوَ الْمُنْجِي مِنْ كُلِّ مُصِيبَةٍ وَهَلَكَةٍ، وَلَازِمْ تَقْوَى اللّٰهِ وَطَاعَتَهُ فِي جَمِيعِ الْحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ فَإِنَّهُ مَوْلَاكَ، وَتَجَنَّبِ الْمُهْلِكَاتِ الدَّنِيَّةَ وَالْمُسْقِطَاتِ الرَّدِيَّةَ، مِنَ الْغِيبَةِ وَالنَّمِيمَةِ وَالتَّبَاغُضِ وَالتَّنَافُسِ وَسَائِرِ الْآفَاتِ اللِّسَانِيَّةِ وَالْقَلْبِيَّةِ، فَإِنَّهَا تُوصِلُ الْمَرْءَ إِلَى دَارِ الْهَلَاكِ، وَرَاقِبْ مَوْلَاكَ فِي كُلِّ آنٍ، وَحَاسِبْ نَفْسَكَ فِي كُلِّ زَمَانٍ،

بعد حمد و نعت کے پس اے انسان یاد کر تو ان نعمتوں کو جو تجھپر اس ذات سے فیضان کی گئی ہیں جسنے تجھکو پیدا کیا اور تجھکو برابر کیا جبکہ تجھکو نیست سے ہست کیا، اور تجھپر مہربانی اور بخشش کے قطرے برسائے، اور تجھکو ہر مخلوق پر یہانتک کہ جن اور فرشتے پر بھی فضیلت دی پس تو اپنے نفیس وقتوں کو نہ ضائع کر خبیث اعمال کے ارتکاب میں اور اس ذات کی رضامندی میں کوشش کر جسنے تجھکو پالا اور تجھسے عہد کیا۔ اور لازم کر تو اپنے اوپر اپنے پروردگار کی یاد کی کثرت کو صبح اور شام، کیونکہ خدا کی یاد ہر بیماری سے شفا ہے، اور وہی ہر مصیبت اور سختی سے نجات دلانیوالی ہے۔ اور لازم کر تو خدا کے خوف اور اسکی اطاعت کو تمام حرکات اور سکنات میں کیونکہ یہی تیرے لیے ہے اور ذلیل مہلکات سے، بڑی گرانیوالی چیزوں سے بچ، غیبت اور چغلخوری اور بغض اور تنافس اور تمام زبانی اور قلبی آفتوں سے، اسلیے کہ یہ سب چیزیں انسان کو سخت سیاہی تک لیجاتی ہیں اور محاسبہ کر تو اپنے نفس کا ہر زمانہ میں

وَعَلَيْكُمْ بِاجْتِنَابِ الْغِيبَةِ وَالنَّمِيمَةِ وَالسَّبِّ وَالْبُهْتَانِ
وَالْحَسَدِ وَالْبُغْضِ وَالتَّدَابُرِ وَسَائِرِ آفَاتِ الْقَلْبِ
وَاللِّسَانِ ؛ فَإِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَتَيْنِ إِذَا صَلَحَتَا صَلَحَ
الْجَسَدُ كُلُّهُ وَإِذَا فَسَدَتَا فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ أَلَا وَهُمَا
الْقَلْبُ وَاللِّسَانُ ؛ وَلَا تَكْفُرُوا بِنِعَمِ رَبِّكُمْ عَلَيْكُمْ
فَإِنَّ لَهُ نِعَمًا لَا تُعَدُّ وَلَا تُحَاطُ بِهَا وَهُوَ ذُو اللُّطْفِ
الْقَدِيمِ وَالْإِحْسَانِ ؛ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ؛
يَا أَيُّهَا الثَّقَلَانِ ؛ تَفَكَّرُوا فِيمَا سَيَمُرُّ عَلَيْكُمْ فِي الْبَرْزَخِ
وَالْحَشْرِ مِنْ شَدَائِدِ الْأَهْوَالِ الَّتِي تَضْطَرِبُ فِيهَا
قُلُوبُ أَهْلِ الْعِرْفَانِ ؛ كَيْفَ بِكُمْ إِذَا أَحَاطَتْ بِكُمْ
سَكَرَاتُ الْمَوْتِ وَشَدَائِدُ الْفَوْتِ ؛ وَحَضَرَتْكُمْ
مَلَائِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَا يَعْصُونَ اللّٰهَ فِيمَا أَمَرَهُمْ
وَلَا يَرْحَمُونَ أَرْبَابَ الْخُسْرَانِ ؛ كَيْفَ بِكُمْ إِذَا وَلَّى
عَنْكُمُ الْأَحْبَابُ وَالْأَصْحَابُ وَالْأَقْرَانُ ؛ وَتَرَكُوكُمْ
مُتَحَسِّرِينَ مُنْفَرِدِينَ فِي بَيْتِ الْوَحْشَةِ وَالدِّيدَانِ ؛

اور لازم کرو تم اپنے اوپر غیبت اور چغلخوری
اور گالی گلوج اور بہتان سے اجتناب کو
اور حسد اور بغض اور پیٹھ پیچھے برائی کرنے
اور زبان اور قلب کی تمام آفتوں سے بچنے کو
اسلیے کہ جسم میں دو ٹکڑے ہیں جب وہ
درست ہو جاتے ہیں تو تمام جسم درست ہو جاتا
ہے اور جب وہ بگڑ جاتے ہیں تو تمام جسم بگڑ جاتا ہے
آگاہ ہو جاؤ کہ وہ دونوں قلب اور زبان ہیں
اور اپنے پروردگار کی اُن نعمتوں کی ناشکری
کرو جو تمپر ہیں اسلیے کہ اُسکی بیشمار اور بے احاطہ
نعمتیں ہیں اور وہ قدیم مہربانی و احسان والا ہے
پس تم دونوں اپنے پروردگار کی کون نعمتوں کو
جھٹلاتے ہو اے دونوں جنسوں فکر کرو تم
چیزوں میں جو عنقریب تمپر برزخ اور حشر میں گذریگا
ان سخت ہولوں سے جن میں عرفان والوں کے قلوب
مضطرب ہونگے کیا حال ہوگا تمھارا جب
تمکو سکرات موت اور فوت کی سختیاں گھیر لینگی
اور تمھارے پاس وہ سخت فرشتے آئینگے جو خدا
کے حکم میں نافرمانی نہیں کرتے اور نہ گھاٹے
والوں پر رحم کرتے ہیں کیا حال ہوگا تمھارا
جب تم سے دوست اور ساتھی اور ہمعصر منھ
پھیر لینگے اور تمکو حسرت کرتا ہوا اور وحشت
اور تاریکی کے گھر میں اکیلا چھوڑ دینگے

حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ وَمُبَارَكًا عَلَيْهِ كَمَا يُحِبُّ وَيَرْضٰى
رَبُّنَا الرَّحْمٰنُ ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَحْدَهٗ
لَا شَرِيْكَ لَهٗ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَانٍ ، وَاَشْهَدُ اَنَّ
سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
الْمُؤَيَّدُ بِالْحُجَجِ السَّاطِعَةِ وَالْبَرَاهِيْنِ الْقَاطِعَةِ
وَتَنْزِيْلِ الْفُرْقَانِ ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ مَا دَارَ النَّيِّرَانِ ، اَمَّا بَعْدُ اَيُّهَا الْاِخْوَانُ
مِنَ الْاِنْسِ وَالْجَانِّ ، تَذَكَّرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ
فِيْ كُلِّ اٰنٍ ، وَاشْكُرُوْهُ شُكْرًا بِصِدْقِ اللِّسَانِ
وَخُلُوْصِ الْجَنَانِ وَاِخْلَاصِ الْاَرْكَانِ ، وَاذْكُرُوْهُ
وَسَبِّحُوْهُ وَمَجِّدُوْهُ وَهَلِّلُوْهُ فَاِنَّ ذِكْرَهٗ شِفَآءٌ
مِّنْ كُلِّ طُغْيَانٍ ، وَحَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ
مَعَ الْجَمَاعَاتِ فَمَنْ ضَيَّعَ الصَّلٰوةَ حُشِرَ مَعَ فِرْعَوْنَ
وَهَامَانَ ، وَالْتَزِمُوْا اَرْكَانَ وَسَائِرَ عُمَدِ الْاِيْمَانِ ،
فَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْ اَهْلِ الْكُفْرَانِ ؕ

بہت اور پاک اُسمیں مبارک اور ...
جسطور پر کہ وہ دوست رکھے اور ...
خدا راضی ہو گواہی دیتا ہوں میں کہ تحقیق ...
سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اسکا ...
شریک نہیں ہر دن وہ ایک حال میں ہو ...
دیتا ہوں کہ تحقیق ہمارے سردار اور ہمارے ...
محمد صلعم اسکے بندے اور اسکے رسول ...
روشن حجتوں و قاطع دلیلوں اور فرقان ...
اُتارنے کیساتھ ... خدا نے ... اور ...
اصحاب پر رحمت کرے جبتک آفتاب و ماہتاب ...
گھومتے رہیں ، بعد حمد و نعت کے اے بھا...
جنوں اور انسانوں میں سے یاد کرو تم ...
اُن نعمتوں کو جو تمپر ہیں ہر آن میں اور ...
اُسکا صدق لسان اور خلوص قلب اور ...
اخلاص کے ساتھ - اور یاد کرو تم اُ...
اور تسبیح کرو تم اُسکی اور بزرگ سمجھو ...
اُسکو اور تہلیل کرو تم اُسکی اسلئے ...
اُسکی یاد ہر سرکشی سے شفا ہے - ...
محافظت کرو تم نماز کی جماعتوں کے ...
پس جو نماز کو ضائع کر دیگا وہ فرعون ...
اور ہامان کیساتھ محشور ہوگا - اور ...
کرو تم ایمان کے تمام اصولوں کی ادا...
پس جو کفر کریگا پس تحقیق خدا کفر ...
بے پروا ہے

وَيَرْزُقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَتُنَجِّيهِ مِنْ دَرَكَاتِ النِّيرَانِ ۞ وَتُوَفِّقُوا بِخُلُوصِ الْجَنَانِ ۞ اَللّٰهُمَّ يَا كَرِيْمُ يَا رَحْمٰنُ ۞ يَا حَلِيْمُ يَا مَنَّانُ ۞ اِرْحَمْنَا وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَاخْتِمْ لَنَا بِالْخَيْرِ وَالْاِيْمَانِ ۞ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ ۞ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ۞ اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۞ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۞ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۞

اور اُسکو اس طریقہ سے رزق دیگا کہ نہ حساب کریگا۔ اور اُسکو دوزخ کے طبقون سے نجات دیگا۔ اور کہ تم خلوص قلب کے ساتھ کام کرو خدا اے کریم اے رحمان اے حلیم اے منان۔ ہمپر رحم کر اور ہم کو معاف کر اور ہم کو بخشدے اور ہمارا خاتمہ بہتری اور ایمان کے ساتھ کر۔ پناہ مانگتا ہون مین سننے والے جاننے والے خدا سے ملعون شیطان سے۔ خدا نے قرآن سکھایا۔ اُس نے انسان کو پیدا کیا اور اُسکو بیان سکھایا۔

اَلْخُطْبَةُ الْاُوْلٰى لِلْجُمُعَةِ الرَّابِعَةِ مِنْ ذِى الْقَعْدَةِ

پہلا خطبہ ذیقعدہ کے چوتھے جمعہ کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ خَلَقَنَا وَدَبَّرَ اَمْرَنَا وَجَعَلَنَا مِنْ اَفْضَلِ الْمَخْلُوْقَاتِ ۞ اَحْمَدُهُ حَمْدًا كَثِيْرًا وَاَشْكُرُهُ شُكْرًا كَبِيْرًا عَلٰى نِعَمِهِ الْفَائِضَاتِ ۞ اَشْهَدُ اَنَّهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَلَا مَثِيْلَ لَهُ فِىْ تَدَابِيْرِ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوَاتِ ۞ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ صَاحِبُ الْاٰيَاتِ وَالْمُعْجِزَاتِ ۞ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

شروع کرتا ہون مین ساتھ نام اللہ کے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ تمام تعریف ثابت ہے اُس خدا کے لیے جس نے ہمکو پیدا کیا اور ہمارے امور کی تدبیر کی اور ہمکو افضل مخلوقات میں سے کیا۔ حمد کرتا ہون مین اُسکی بہت حمد اور شکر کرتا ہون مین اُس کا بہت شکر اُسکی بہنے والی نعمتون پر۔ گواہی دیتا ہون مین کہ تحقیق اُسکے سوا کوئی معبود نہین وہ اکیلا ہے نہ کوئی اُسکا شریک ہے اور نہ کوئی اُسکا مثل ہے آسمانون اور زمین کی تدبیرون مین اور گواہی دیتا ہون مین کہ تحقیق ہمارے سردار محمد صلعم اُسکے بندے اور اُسکے رسول اور نشانیون اور معجزون والے ہین۔ خدا رحمت کرے اُن پر

كيف بكم اذا احضرتم ملكان فظّان غليظان
فيسألان عن ربكم وعن دينكم وعن عقيدتكم
في نبيكم فان اجبتم بالصواب نلتم المسرّة
التي لا تزول وان تزلزلتم في الجواب وقعتم
في نقصان . كيف بكم اذا احضرتم حضرة ربكم
الرحمن . ونوديتم يا معشر الجن والانس ان استطعتم
ان تنفذوا من اقطار السموات والارض فانفذوا
لا تنفذون الا بسلطان . كيف بكم اذا نوقشتم
في الحساب . وحوسبتم بكل نقير وقطمير
حسبما هو مثبت في الكتاب . وشهدت عليكم
اعضاؤكم والاركان . بما عملتم بالسر
والاعلان . الله الله عباد الله اتقوا الله واعبدوه
ولا تلقوا بايديكم الى التهلكة والخسران .
وارحموا انفسكم وراقبوا قلوبكم ولا تهلكوا
اعضاءكم بالعصيان . فمن يتق الله يجعل له مخرجا

تم کیا حال ہوگا جب تمھارے پاس دو سخت مزاج
آئینگے پس وہ تم سے تمھارے رب اور تمھارے
دین اور تمھارے نبی میں تمھارے عقیدے سے سوال
کرینگے پس اگر تم ٹھیک جواب دوگے تو بہت بڑی خوشی
ہمیشہ رہنیوالی اور اگر تم جواب میں متزلزل ہوگے
تو نقصان میں پڑجاؤگے کیا حال ہوگا تمھارا
جب تم اپنے پروردگار رحمٰن کے سامنے حاضر ہوگے اور
پکارے جاؤگے کہ اے جنوں اور انسانوں کے گروہ اگر تم آسمانوں
اور زمین کے کناروں سے بھاگ سکو تو بھاگ جاؤ نہ بھاگ سکوگے
تم مگر غلبہ کے ساتھ کیا حال ہوگا تمھارا جب تم
حساب میں مناقشہ کیے جاؤگے اور ہر ریزہ
اور شگاف پر موافق اسکے جو کتاب میں لکھا ہے
حساب کیے جاؤگے اور تمھارے خلاف تمھارے
اعضا اور ارکان گواہی دینگے اس چیز کی جو
تمنے خفیہ اور علی الاعلان کیا ہے ڈرو تم خدا
ڈرو تم خدا سے اے خدا کے بندو ڈرو تم
خدا سے اور عبادت کرو تم اسکی اور اپنے
ہاتھوں سے اپنے کو ہلاکت اور گھاٹے میں
نہ ڈالو اور رحم کرو تم اپنے نفسوں پر اور
نگرانی کرو تم اپنے قلبوں کی اور اپنے اعضا
کو نافرمانی سے نہ ہلاک کرو پس جو خدا سے
ڈریگا اسکے لیے خدا ایک نکلنے کی جگہ
بنادے گا۔

وَتَسَاقُطُ الْكَوَاكِبِ النَّيِّرَاتِ . يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ
غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ . وَبَرَزُوْا فِيْهِ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ
الْقَهَّارِ ذِي الْاٰلَآءِ وَالنَّعْمَآءِ السَّابِغَاتِ . يَوْمَ
يَفِرُّ الْمَرْءُ فِيْهِ مِنْ اَخِيْهِ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ وَصَاحِبَتِهٖ
وَبَنِيْهِ وَالْبَنَاتِ . يَوْمَ يُحَاسَبُ فِيْهِ كُلُّ امْرِئٍ
بِمَا كَسَبَ مِنَ الْاَعْمَالِ الْخَبِيْثَةِ وَالصَّالِحَاتِ .
فَمَا اَعْدَدْتُّمُ الْجَوَابَ . اِذَا احْضِرَ عِنْدَكُمُ الْكِتَابُ
وَسُئِلْتُمْ عَنْ عُمُرِكُمْ فِيْمَا اَفْنَيْتُمْ وَعَنْ مَالِكُمْ
مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبْتُمْ وَفِيْ اَيِّ وَجْهٍ صَرَفْتُمْ وَعَنْ
جَمِيْعِ الْحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ . اَللّٰهَ اَللّٰهَ عِبَادَ اللّٰهِ
اِتَّقُوا اللّٰهَ وَحَاسِبُوْا نُفُوْسَكُمْ قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوْا
فِي الْعَرَصَاتِ . وَمُوْتُوْا قَبْلَ اَنْ تَمُوْتُوْا لِتَنَالُوْا
الْحَيٰوةَ الدَّائِمَةَ وَالْبَاقِيَاتِ الصَّالِحَاتِ . وَقُوْلُوْا
مِنْ صَمِيْمِ الْقَلْبِ بَاسِطِيْنَ اَكُفَّ السُّؤَالِ اِلٰى مُجِيْبِ
الدَّعَوَاتِ . اَللّٰهُمَّ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ

اور روشن ستارے گر پڑینگے جسدن زمین
دوسری زمین سے اور آسمان بدل دیئے جائینگے
اور اُسدن اکیلے قہار اور بڑی والی نعمتون والے
خدا کیلیے ظاہر ہونگے جسدن مرد اپنے بھائی
اور اپنی ماں اور اپنے باپ اور اپنی بیوی اور
اپنے بیٹون اور بیٹیون سے بھاگیگا جسدن
ہر مرد اُس چیز کا حساب کیا جائیگا جو اُسنے
کیا ہو خبیث اور نیک عمال سے پس کیا تم نے
جواب مہیا کر لیا ہو جبکہ تمھارے پاس کتاب
حاضر ہوئی اور تم سوال کیے جاؤگے اپنی عمر
سے کہ کس چیز مین تمنے فنا کی اور اپنے مال
سے کہ کہان سے تمنے کمایا اور کس طریقے
سے تم نے صرف کیا اور تمام حرکات و سکنات
سے پس ڈرو تم خدا سے ڈرو تم خدا سے ای خدا کے
بندون ڈرو تم خدا سے اور محاسبہ کرو تم اپنے
نفسون کا قبل اسکے کہ تم کشادہ زمینون مین حساب
کیے جاؤ اور مرو قبل اسکے کہ تم مرو تاکہ تم ہمیشہ
رہنے والی زندگی اور نیک باقی رہنے والی چیزون کو پاؤ
اور کہو تم خلوص قلب سے سوال کے ہاتھون کو دعا
کے قبول کرنیوالے کیطرف پھیلا کر ای اللہ ای حاجتون
کے پورا کرنیوالے ای درجون کے بلند کرنیوالے

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ مَا دَارَتِ الْكَوَاكِبُ
السَّابِعَاتُ ﴿ اَمَّا بَعْدُ فَيَا اَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا
رَبَّكُمْ وَوَحِّدُوْهُ فَاِنَّ التَّوْحِيْدَ رَاْسُ الطَّاعَاتِ ﴿
وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا فَاِنَّ الشِّرْكَ مِنْ اَعْظَمِ الْبَلِيَّاتِ ﴿
وَاجْتَنِبُوا السُّمْعَةَ وَالرِّيَاءَ فَاِنَّ الرِّيَاءَ شِرْكٌ
خَفِيٌّ وَّهُوَ مُبْطِلٌ لِّلْاَعْمَالِ الصَّالِحَاتِ ﴿ وَعَلَيْكُمْ
بِاِقَامَةِ الْاَرْكَانِ وَحِفْظِ الْقَلْبِ وَاللِّسَانِ مِنَ
الذُّنُوْبِ الْمُهْلِكَاتِ ﴿ وَاِيَّاكُمْ ثُمَّ اِيَّاكُمْ مِنِ
ارْتِكَابِ الْبِدْعَاتِ ﴿ فَاِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ
وَّكُلَّ ضَلَالَةٍ تَهْوِيْ بِصَاحِبِهَا اِلٰى اَسْفَلِ الدَّرَكَاتِ ﴿
وَالْعَمَلُ الْقَلِيْلُ فِيْ سُنَّةٍ خَيْرٌ مِّنْ عَمَلٍ كَثِيْرٍ
فِيْ بِدْعَةٍ فَاِنَّ الْبِدْعَةَ تُهْلِكُ صَاحِبَهَا وَتُوْقِعُهٗ
فِي الْحَسَرَاتِ ﴿ وَعَلَيْكُمْ بِاِحْيَاءِ السُّنَنِ الْمَرْضِيَّةِ ﴿
وَاِجْرَاءِ الطُّرُقِ الشَّرْعِيَّةِ ﴿ مِنْ غَيْرِ خَوْفِ لَوْمَةِ
اللَّائِمَاتِ ﴿ وَتَذَكَّرُوْا يَوْمًا ثَقِيْلًا تَنْشَقُّ فِيْهِ السَّمٰوَاتُ

اور آل پر اور اصحاب پر اور ان لوگوں
پر جو انکی پیروی کریں جب تک تیرتے رہیں ستارے
... بعد حمد و نعت کے پس
اے لوگو اپنے پروردگار کی عبادت کرو
اور اسکو ایک جانو اسلئے کہ توحید تمام طاعتوں
کی اصل ہے اور نہ شریک کرو تم اسکے ساتھ کسی
چیز کو اسلئے کہ شرک بڑی بلاؤں میں سے ہے اور
بچو تم ریاکاری سے اسلئے کہ ریا مخفی شرک ہے
اور وہ نیک عملوں کو برباد کرنیوالا ہے اور لازم کرو
اپنے اوپر ارکان کو قائم رکھنا اور دل اور زبان کو ہلاک کرنیوالے
گناہوں سے محفوظ رکھنے کو اور بچو تم پھر بچو تم بدعتوں
کے ارتکاب سے اسلئے کہ ہر بدعت گمراہی ہے اور
ہر گمراہی پہنچا دیتی ہے اپنے والے کو اسفل طبقوں میں
... تھوڑا عمل کسی سنت میں بہتر ہے بہت عمل سے
کسی بدعت میں اسلئے کہ بدعت اپنے کرنیوالے کو ہلاک کر دیتی ہے اور اسکو حسرتوں میں
ڈالتی ہے اور لازم کرو تم اپنے اوپر پسندیدہ سنتوں
کے زندہ کرنے کو اور شرعی طریقوں کے
جاری کرنے کو بغیر ملامت کرنے والوں کی
ملامت کے خوف کے۔ اور یاد کرو تم اُس
سخت دن کو جس دن آسمان پھٹ جا...

هُوَ مِنْ جَمِيعِ الْمَحَامِدِ أَطْيَبُ، وَنَشْكُرُهُ مُحَقِّقًا
بِصُنُوفِ الْأَدَبِ، وَنَشْهَدُ أَنْ لَا شَرِيكَ لَهُ
وَلَا نِدَّ لَهُ وَهُوَ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ أَقْرَبُ،
وَنَشْهَدُ أَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ
